# ایران، اسرائیل کشیدگی دنیا بھر میں ایندھن سمیت گھریلو اخراجات کو کیسے متاثر کرسکتی ہے؟



اسرائیل اور ایران کے درمیان مسلح تنازع آٹھویں روز میں داخل ہوگیا ہے اور ایسے میں دونوں ممالک کی جانب سے ایک دوسرے پر حملوں سے جہاں عالمی سطح پر اس تنازعے کے خطے میں مزید پھیلنے کے خدشات نے جنم لیا وہیں ابتدائی طور پر اس کے معاشی اثرات نے عالمی مالیاتی منڈیوں میں ہلچل مچائی ہے۔ خاص کر اس تنازعے کے شروع ہوتے ہی عالمی سطح پر تیل کی قیمتوں میں اضافہ ہوا ہے۔ عالمی سطح پر اس وقت تیل کی قیمتیں گذشتہ ماہ کے مقابلے 10 ڈالر سے زیادہ ہیں اور یہ خدشہ بڑھ رہا ہے کہ توانائی کی قیمتوں میں اضافہ تیل سے خوراک تک دنیا بھر میں ہر چیز کو مہنگا کرسکتا ہے۔ عالمی منڈی میں تیل کی بڑھتی قیمت کے اثرات پاکستان میں بھی فوراً محسوس کیے گئے اور پاکستان کی حکومت نے ایران اسرائیل تنازعے کے آغاز کے بعد 15 جون کو ملک میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کیا۔ جس میں پیٹرول کی قیمت میں چار روپے 80 پیسے اور ڈیزل کی قیمت میں سات روپے 95 پیسے تک کا اضافہ شامل تھا۔ تین سال قبل جب روس نے یوکرین میں مداخلت کی تھی تب بھی ایسا ہی ہوا تھا۔ اس سے دنیا بھر میں لوگوں کی زندگیاں متاثر ہوئی تھیں۔

**عالمی سطح پر تیل کی قیمتیں کتنی بڑھی ہیں؟**

ایران اسرائیل تنازع عالمی منڈیوں پر فوراً اثر انداز ہوا ہے۔ خام تیل کے عالمی معیار برینٹ کروڈ کی قیمت 13 جون کو 78 ڈالر تک پہنچ گئی تھی جبکہ عالمی منڈی پر جمعے کو اس کی قیمت تقریباً کچھ کم ہو کر 76.95 ڈالر ہے جو اب بھی گذشتہ ماہ کے مقابلے 10 ڈالر زیادہ ہے۔ عالمی سطح پر بڑے جیو پولیٹیکل واقعات کے باعث تیل کی قیمتیں تیزی سے گرتی اور بڑھتی ہیں اور یہی حال عالمی معیشت کا ہوتا ہے۔ تو یہ حیرانی کی بات نہیں کہ اسرائیل، ایران کشیدگی نے تیل کی قیمتوں کو متاثر کیا ہے۔ تاہم یہ قیمت گذشتہ سال کے مقابلے اب بھی کم ہے۔ یہ 2022 میں یوکرین جنگ کے دوران تیل کی قیمت کی سب سے بلند سطح کے مقابلے بھی کم ہے جب قیمت 130 ڈالر فی بیرل ہوگئی تھی۔

**تو کیا پیٹرول اور دیگر اشیا کی قیمتیں مزید بڑھیں گی؟**

جب خام تیل کی قیمت بڑھتی ہے تو سب سے پہلے لوگ پیٹرول کی قیمت میں اضافہ دیکھتے ہیں۔ مگر توانائی کے مہنگے ذرائع زراعت، ٹرانسپورٹ اور خوراک کے شعبوں کو بھی اپنی لپیٹ میں لے لیتا ہے۔ تاہم ایسا صرف تب ہوتا ہے جب توانائی کے اخراجات طویل عرصے تک زیادہ رہیں۔ پیٹرول اور ڈیزل کے اعتبار سے بھی خام تیل کی قیمتوں پر محدود اثر ہوتا ہے۔ کیپیٹل اکنامکس سے منسلک ڈیوڈ آکسلی کا کہنا ہے کہ 'خام تیل کی قیمت میں 10 ڈالر اضافے کا مطلب ہے کہ پیٹرول پمپ پر قیمت کم از کم سات پیسے بڑھے گی۔' تاہم وہ متنبہ کرتے ہیں کہ قیمتیں بڑھنے کی یہ کہانی صرف تیل پر نہیں رُکتی بلکہ اس کی لپیٹ میں ٹرانسپورٹ کے کرائے اور خوراک بھی آتے ہیں۔ کئی لوگوں کو یاد ہوگا کہ یوکرین جنگ کی شروعات میں قیمتوں نے سب کو پریشان کیا تھا۔ آکسلی کہتے ہیں کہ یہ گیس کے مہنگے نرخوں کا ردعمل تھا۔ مثلاً برطانیہ میں گھروں کو گیس کے ذریعے گرم رکھا جاتا ہے جبکہ بجلی کے نرخ بھی گیس کی قیمت پر منحصر ہیں۔ حالیہ حملوں کے دوران گیس کی قیمتیں بھی بڑھی ہیں۔ آکسلی کہتے ہیں کہ ممکن ہے یہ اثر گھریلو اخراجات پر آہستہ آہستہ منتقل ہو۔ ان کے مطابق اس میں منڈیوں کے نگران اداروں کا بھی کردار ہوتا ہے تاکہ وہ قیمتوں کو طے کرسکیں۔

**کیا تیل کی قیمتیں مزید بڑھ سکتی ہیں؟**

کنسلٹنسی اور ریسرچ فرم انرجی ایسپیکٹس میں جیو پولیٹکس کے سربراہ رچرڈ برونز کا کہنا ہے کہ موجودہ صورتحال 'بہت اہم اور تشویشناک' ہے۔ لیکن اس کا مطلب یہ نہیں ہے کہ اس کا اثر یوکرین جنگ یا مشرق وسطیٰ میں ماضی کی پریشانیوں جتنا بڑا ہوگا۔ اہم سوالات یہ ہیں کہ اسرائیل اور ایران کب تک اس تنازعے میں رہتے ہیں، کیا خطے کے دیگر ممالک اس میں شامل ہوں گے اور کیا امریکہ کشیدگی کم کرنے کے لیے کوئی قدم اٹھاتا ہے۔ سب سے بڑھ کر یہ اس بات پر منحصر ہے کہ آیا ہم آبنائے ہرمز میں بحری تجارت میں کوئی رکاوٹ دیکھتے ہیں، جو ایران کے جنوبی ساحل کے قریب آبی گزرگاہ ہے۔ اس آبی گزرگاہ کو دنیا میں تیل کی ترسیل اور دیگر چیزوں کی تجارت کے لیے بہت اہم تصور کیا جاتا ہے۔ مسٹر برونز کہتے ہیں کہ 'یہ ایک تنگ گزرگاہ ہے، اس لیے تیل کی عالمی منڈیوں کے لیے یہ ایک اہم جگہ ہے۔' ان کے مطابق اس وقت غیر یقینی کی صورتحال ہے اور ایران نے ماضی میں ایسی دھمکیاں دی ہیں کہ وہ اس آبی گزرگاہ کو بند کرسکتا ہے مگر اس بار خطرہ پہلے سے زیادہ ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ بیرونی خطرہ قیمتوں میں اضافے سے جڑا ہے۔ شپنگ میں رکاوٹ کے بغیر تیل کی قیمتیں زیادہ عرصے تک بڑھی رہنے کا امکان نہیں ہے۔ 2022 میں یوکرین پر روس کے حملے اور کووڈ کے بعد عالمی معیشت کی بحالی سے توانائی کی مانگ میں اضافہ ہوا ہے۔ اب عالمی معیشت کو مشکل وقت کا سامنا ہے اور سعودی عرب سے برازیل تک تیل پیدا کرنے والے ملکوں کے پاس تیل کی سپلائی بڑھانے کی صلاحیت ہے جس سے قیمتیں کم کرنے میں مدد ملے گی۔

**عالمی معیشت کے لیے اس کا کیا مطلب ہے؟**

توانائی کی قیمت میں اضافہ اور وسیع تر اثرات کا انحصار اسرائیل اور ایران کے درمیان تنازع کی شدت سے جڑا ہے۔ لیکن ایسٹ مینیجر الیانز کے چیف اکنامک ایڈوائزر محمد ال ایرین کا کہنا ہے کہ اس تنازعے میں 'عالمی معیشت کو ایک بڑا جھٹکا' دینے کی صلاحیت موجود ہے۔ 'جس طرح سے بھی آپ اسے دیکھیں، یہ منفی اثر ہے، قلیل مدتی ہو یا طویل مدتی۔' اس وقت امریکی زیر قیادت عالمی اقتصادی نظام کے استحکام کے لیے کئی سوالات پہلے سے کھڑے ہیں۔ کیپیٹل اکنامکس کا خیال ہے کہ اگر تیل کی قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے زیادہ ہوجائیں، جو ترقی یافتہ معیشتوں میں افراط زر میں ایک فیصد کا اضافہ کرسکتی ہیں، تو شرح سود کو کم کرنے کی امید رکھنے والے مرکزی بینکوں کے لیے حالات مشکل ہوجائیں گے۔ لیکن ڈیوڈ آکسلی کے خیال میں یہ سب سے زیادہ ممکنہ منظرنامہ نہیں ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ 'مشرق وسطیٰ میں عدم استحکام کوئی نئی بات نہیں۔ ہم نے اس کے بہت سے جھٹکے دیکھے ہیں۔' 'شاید کچھ عرصے میں یہ سب تنازع ختم ہوجائے گا۔'

# پاکستان کی صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کرنے کی سفارش

## ایک 'شاندار چال' یا خطے کی صورتحال کے تناظر میں 'نامعقول' فیصلہ؟

حکومتِ پاکستان نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کو 2026 کے نوبیل امن انعام کے لیے باضابطہ طور پر نامزد کرنے کی سفارش کردی ہے۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے جاری اعلامیے کے مطابق یہ فیصلہ پاکستان اور انڈیا کے مابین حالیہ لڑائی کے دوران صدر ٹرمپ کی 'فیصلہ کن سفارتی مداخلت اور قائدانہ کردار' کے اعتراف میں کیا گیا ہے۔ یاد رہے کہ گذشتہ بدھ کو آرمی چیف جنرل عاصم منیر نے امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی دعوت پر وائٹ ہاؤس میں ان کے ساتھ دوپہر کا کھانا کھایا تھا جس کے بعد وائٹ ہاؤس کی ترجمان، اینا کیلی کا کہنا تھا کہ ٹرمپ نے پاکستانی آرمی چیف جنرل منیر کی میزبانی کی جنھوں نے انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگ روکنے پر صدر ٹرمپ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کرنے کی سفارش کی تھی۔ تاہم جمعے کو صحافیوں سے بات کرتے ہوئے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے طنزیہ انداز میں کہا ہے کہ 'میں کچھ بھی کرلوں مجھے نوبیل نہیں ملے گا۔' خیال رہے کہ اب تک چار امریکی صدور امن کا نوبیل انعام حاصل کرچکے ہیں۔ اگر ٹرمپ کو امن کا نوبیل انعام ملتا ہے تو وہ اسے حاصل کرنے والے پانچویں امریکی صدر ہوں گے۔ حکومتِ پاکستان کی جانب سے جاری کردہ بیان میں کہا گیا ہے کہ 'انڈیا کی بلا اشتعال اور غیر قانونی جارحیت نہ صرف پاکستان کی خودمختاری اور علاقائی سالمیت کی سنگین خلاف ورزی تھی بلکہ اس کے نتیجے میں کئی بے گناہ شہری ہلاک ہوئے جن میں خواتین، بچے اور بزرگ شامل تھے۔ جس کے بعد پاکستان نے اپنے دفاع کا حق استعمال کرتے ہوئے آپریشن بنیان مرصوص کا آغاز کیا تھا۔' بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ 'خطے میں کشیدگی کے اس لمحے میں صدر ٹرمپ نے سٹریٹیجک دوراندیشی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اسلام آباد اور نئی دہلی کے ساتھ سفارتی رابطوں کے ذریعے تیزی سے بگڑتی ہوئی صورتحال میں کشیدگی کو کم کیا، جنگ بندی کروائی اور دو جوہری ممالک کے درمیان تنازع کو بڑھنے سے روکا جس کے سبب خطے اور اس سے باہر لوگوں کو قیامت خیز نتائج بھگتنا پڑ سکتے تھے۔' پاکستان میں سوشل میڈیا پر اس حوالے سے رائے منقسم ہے۔ لیکن اس سے پہلے، آیئے جانتے ہیں کہ کیا کوئی ملک، رہنما یا اعلیٰ عہدے دار دوسرے ملک کے سربراہ کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کرسکتا ہے؟

### حکومتی بیان میں مزید کیا کہا گیا ہے؟

پاکستانی حکومت کا مزید کہنا ہے کہ امریکی صدر کی مداخلت اس بات کا ثبوت ہے کہ وہ 'امن کے داعی' ہیں اور تنازعات کو 'بات چیت کے ذریعے حل' کرنے کے لیے پُرعزم ہیں۔ حکومتِ پاکستان نے کشمیر کے دیرینہ تنازعے کے حل کے لیے صدر ٹرمپ کی مخلصانہ پیشکش کو بھی سراہا ہے۔ بیان کے مطابق 'جموں و کشمیر کا تنازع جنوبی ایشیا میں عدم استحکام کی سب سے بڑی وجہ ہے اور جب تک اقوامِ متحدہ کی سلامتی کونسل کی قراردادوں پر مکمل عمل درآمد نہیں ہوتا، خطے میں پائیدار امن کا قیام ممکن نہیں۔' بیان میں مزید کہا گیا ہے کہ 2025 میں انڈیا اور پاکستان کے درمیان پیدا ہونے والے بحران کے دوران صدر ٹرمپ کی قیادت اور سفارتی حکمتِ عملی ان کے ماضی کے امن قائم کرنے والے اقدامات کا تسلسل ہے۔ پاکستان کو امید ہے کہ ان کی مخلص کوششیں نہ صرف جنوبی ایشیا بلکہ دنیا کے دیگر حساس خطوں میں بھی امن و استحکام کے لیے معاون ثابت ہوں گی۔ حکومتی بیان میں مشرقِ وسطیٰ کے موجودہ بحران، بالخصوص غزہ میں جاری انسانی المیے اور ایران سے متعلق بڑھتی ہوئی کشیدگی کے تناظر میں بھی صدر ٹرمپ کی قیادت اور سفارتی کردار کو سراہا گیا۔ پاکستان نے امید ظاہر کی ہے کہ صدر ٹرمپ کی کوششیں عالمی استحکام کے لیے مثبت نتائج لائیں گی۔

### مجھے نوبیل نہیں ملے گا: ٹرمپ

ادھر امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر اس بارے میں



پوسٹ کیا ہے۔ ٹرمپ نے اپنی کامیابیوں کی فہرست سامنے رکھتے ہوئے کہا کہ مجھے یہ بتاتے ہوئے بہت خوشی ہورہی ہے کہ میں نے امریکی وزیر خارجہ مارکو روبیو کے ساتھ مل کر جمہوریہ کانگو اور روانڈا کے درمیان ایک عظیم معاہدہ کیا ہے، مجھے اس کام کے لیے امن کا نوبیل انعام نہیں ملے گا، مجھے انڈیا اور پاکستان کے درمیان جنگ روکنے پر نوبیل نہیں ملا۔ مجھے مصر اور ایتھوپیا کے درمیان امن برقرار رکھنے کا انعام نہیں ملا، مشرق وسطیٰ میں ابراہیمی معاہدے کرنے پر بھی امن کا نوبیل انعام نہیں ملے گا۔ ٹرمپ کا ردعمل پڑھ کر ایسا لگتا ہے جیسے وہ طنزیہ زبان استعمال کررہے ہیں۔ اپنی پوسٹ کے آخر میں ٹرمپ نے لکھا 'چاہے میں کچھ بھی کروں، روس یوکرین ہو یا اسرائیل ایران، مجھے امن کا نوبیل انعام نہیں ملے گا لیکن لوگ سب کچھ جانتے ہیں، اور یہی میرے لیے سب سے اہم ہے۔' کیا کوئی ملک یا رہنما یا اعلیٰ عہدے دار کسی دوسرے ملک کے سربراہ کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کرسکتے ہیں؟ نوبیل انعام کی آفیشل ویب سائٹ کے مطابق، صرف مخصوص اور اہل افراد ہی نوبیل امن انعام کے لیے امیدواروں کو نامزد کرنے کے مجاز ہیں۔ ان میں: قومی حکومتوں اور بین الاقوامی اسمبلیوں کے ارکان (جن میں سربراہانِ مملکت، وزرا اور پارلیمنٹیرین شامل ہیں) بین الاقوامی عدالتوں کے ارکان۔ متعلقہ شعبوں کے یونیورسٹی پروفیسر۔ سابق نوبیل انعام یافتگان۔ نارویجن نوبیل کمیٹی کے ارکان۔ یعنی کوئی بھی اہل شخص، بشمول سرکاری عہدیدار، کسی بھی امیدوار کو نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کرسکتا ہے، چاہے وہ امیدوار کسی غیر ملکی ریاست کا سربراہ ہی کیوں نہ ہو۔ یعنی یہ نامزدگی بطور ادارہ نہیں بلکہ صرف ایک اہل شخص (یعنی کوئی وزیر یا ممبر پارلیمنٹ) کی جانب سے ذاتی حیثیت میں جمع کروائی جاسکتی ہے۔

### اس سے قبل کن غیر ملکی سربراہانِ مملکت کو نامزد کیا جاچکا ہے؟

اس سے قبل بھی کئی غیر ملکی سربراہانِ مملکت کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا جاچکا ہے۔ مثلاً:

**ایڈولف ہٹلر کی نامزدگی (1939)**

سوئیڈن کے رکن پارلیمنٹ ایرک گوتفرید کرسٹین برانڈٹ نے سنہ 1939 میں ہٹلر کو امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا اور اسے طنز و مزاح کے طور پر لیا گیا اور بعد میں یہ نامزدگی واپس بھی لے لی گئی۔

**ولادیمیر پوتن کی نامزدگی (2014)**

روسی صدر ولادیمیر پوتن کو 2014 میں 'انٹرنیشنل اکیڈمی آف سپرِچوئل یونٹی اینڈ کوآپریشن آف پیپلز آف دی ورلڈ' نامی تنظیم نے امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا۔ تنظیم کا مؤقف تھا کہ پوتن نے شام پر کیمیائی حملے کے بعد امریکہ کی ممکنہ فوجی کارروائی کو روکنے میں اہم کردار ادا کیا۔

**ڈونلڈ ٹرمپ کی نامزدگی (2025)**

یوکرین کے پارلیمانی رکن اولیکسانڈر میریژکو، جو صدر زیلنسکی کی پارٹی سے تعلق رکھتے ہیں، نے نومبر 2024 میں ڈونلڈ ٹرمپ کو 2025 کے امن کے نوبیل انعام کے لیے نامزد کیا۔ مقصد یہ پیش کرنا تھا کہ وہ روس یوکرین جنگ میں امن لانے میں مددگار ثابت ہوں گے۔ یہ مثالیں واضح کرتی ہیں کہ غیر ملکی سربراہان کو قانونی طور پر نوبیل امن انعام کے لیے نامزد کیا جاسکتا ہے بشرطِ یہ نامزدگی ایک اہل شخص کرے۔

### کن امریکی صدور کو امن کا نوبیل انعام ملا؟

اب تک چار امریکی صدور امن کا نوبیل انعام حاصل کرچکے ہیں۔ یہ اعزاز حاصل کرنے والے آخری امریکی صدر باراک اوباما تھے۔ تھیوڈور روزویلٹ: تھیوڈور روزویلٹ امریکہ کے 26ویں صدر تھے۔ 1901 میں صدر میک کینلے کے قتل کے بعد انھیں امریکہ کا صدر بنایا گیا۔ انھیں روس جاپان جنگ کے خاتمے پر 1906 میں امن کا نوبیل انعام دیا گیا۔ ووڈرو ولسن: ووڈرو ولسن امریکہ کے 28ویں صدر تھے جنھوں نے 1913 سے 1921 تک خدمات انجام دیں۔ ولسن کو لیگ آف نیشنز کے قیام میں ان کی کوششوں کے لیے 1919 میں امن کا نوبیل انعام دیا گیا۔ جمی کارٹر: جمی کارٹر 1977 سے 1981 تک امریکہ کے 39ویں صدر تھے۔ کارٹر کو 2002 میں عالمی امن، ماحولیاتی تبدیلی اور انسانی حقوق کے لیے ان کی نمایاں خدمات کے لیے نوبیل امن انعام سے نوازا گیا۔ ان کی وفات گذشتہ سال 100 سال کی عمر میں ہوئی۔ باراک اوباما: امریکہ کے 44ویں صدر باراک اوباما کو 2009 میں امن کا نوبیل انعام دیا گیا۔ یہ اعزاز انھیں بین الاقوامی سفارت کاری اور ملکوں کے درمیان تعاون کو مضبوط بنانے کی کوششوں کے لیے دیا گیا۔

### 'انتہائی تکلیف دہ، افسوسناک اور مضحکہ خیز'

پاکستان میں سوشل میڈیا پر کئی افراد حکومت کے اس فیصلے پر تنقید کررہے ہیں، خاص طور پر ایک ایسے وقت میں جب خطے میں ایران اور اسرائیل کے ایک دوسرے پر حملے جاری ہیں۔ صحافی و اینکر پرسن طلعت حسین نے لکھا کہ 'یہ پڑھنا انتہائی تکلیف دہ، افسوسناک اور مضحکہ خیز ہے۔' 'نہ وقت کا لحاظ کیا گیا، نہ عقل کا استعمال۔۔۔ جو شخص غزہ میں اسرائیل کی تباہ کاریوں کا سرپرست اور ایران پر حملوں کا حمایتی ہے، وہ کسی امن انعام کا امیدوار کیسے ہوسکتا ہے؟ اور اگر چند ماہ بعد وہ دوبارہ مودی کو گلے لگا کر محبت کے نعرے لگانے لگے تو پھر؟ ایمن نے اس خبر پر تبصرہ کرتے ہوئے لکھا 'میں اپنی شہریت بدل کر کسی عام، معمولی ملک میں رہنا چاہتی ہوں، جہاں عام لوگ ہوں اور سب کچھ معمول کے مطابق ہو۔ میں بہت تھک چکی ہوں۔' سابق پاکستانی سفیر حسین حقانی نے لکھا 'ویسے یہ بھی ممکن ہے کہ نوبیل امن انعام کی خواہش خود پسند ڈونلڈ ٹرمپ کو ایران کے خلاف اسرائیل کی فوجی کارروائی میں شرکت سے روکنے کا سبب بن جائے۔' تاہم کچھ افراد نے اسے حکومت کا بہترین فیصلہ قرار دیا۔ شاہ نواز خان نے لکھا 'اب ٹرمپ ایران پر حملے کا حکم دینے سے پہلے دو بار سوچیں گے۔ پاکستان نے واقعی بہت ہوشیاری سے کھیل کھیلا ہے۔ اب وہ نوبیل امن انعام کھونا نہیں چاہیں گے۔' منصور نامی صارف نے اسے 'عالمی شطرنج کی بساط پر ایک شاندار چال' قرار دیتے ہوئے لکھا ہے کہ یہ پاکستانی حکومت کا ایک ذہین اور حکمتِ عملی پر مبنی قدم ہے۔ یہ نامزدگی ٹرمپ کی خوبی سے زیادہ پاکستان کے وژن کی عکاس ہے۔ ایک صارف ڈاکٹر کیرن نے لکھا کہ 'اچھی بات یہ ہے کہ ٹرمپ خود کو اس انعام کے لیے نامزد نہیں کرسکتے۔ نوبیل کا امن انعام انھیں ملتا ہے جو امن کو فروغ دیتے ہیں، مسلح کشیدگی کو کم کرتے ہیں اور عالمی برادری میں ہم آہنگی لے کر آتے ہیں نہ کہ وہ جو جنگ کے شعلے بھڑکاتے ہیں۔'

# کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ

**از قلم: ڈاکٹر سلیم خان**

ارشادِ ربانی ہے: ''حقیقت یہ ہے کہ اللہ نے مومنوں سے ان کے نفس اور ان کے مال جنت کے بدلے خرید لیے ہیں''۔ یہ جان و مال کا سودہ بندۂ مومن کو دنیا کی تمام آلائشوں سے بے نیاز کردیتا ہے۔ وہ اپنا سب کچھ راہِ خدا میں قربان کردینے کو اپنی سب سے بڑی سعادت سمجھتا ہے۔ اسی لیے جب موقع آتا ہے تو اہل ایمان: ''اللہ کی راہ میں لڑتے اور مارتے اور مرتے ہیں''۔ مومنین اس قدر آسانی سے اپنی جانِ آفرین کا نذرانہ بارگاہِ خداوندی میں پیش کرنے کی خاطر اس لیے تیار ہوجاتے ہیں کیونکہ: ''ان سے توراۃ اور انجیل اور قرآن میں اللہ کے ذمہ ایک پختہ (جنت کا) وعدہ ہے''۔ تمام آسمانی کتب میں مذکور یہ وعدۂ حق اہل ایمان کے دل میں راسخ ہوتا ہے کہ: ''کون ہے جو اللہ سے بڑھ کر اپنے عہد کا پورا کرنے والا ہو؟'' ایسے ایمان والوں کو بشارت دی جاتی ہے: ''پس خوشیاں مناؤ اپنے اس سودے پر جو تم نے خدا سے چکا لیا ہے، یہی سب سے بڑی کامیابی ہے''۔ یہی وجہ ہے کہ علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

شہادت ہے مطلوب و مقصودِ مومن
نہ مالِ غنیمت نہ کشور کشائی

جذبۂ شہادت سے سرشار اہل ایمان کو ڈرا دھمکا کر مغلوب کرلینا ممکن نہیں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ جب امریکی صدر کہتا ہے کہ: ''اب صبر کا پیمانہ لبریز ہو رہا ہے۔ اور ایران ''غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دے'' تو اس سے ایرانی قیادت یا عوام پر لرزہ طاری نہیں ہوتا۔ آیت اللہ علی خامنہ ای اس کا دوٹوک جواب دیتے ہیں کہ ان کا ملک امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے غیر مشروط طور پر ہتھیار ڈال دینے کے مطالبے کو قبول نہیں کرے گا۔ انہوں نے اپنے پہلے باضابطہ ردعمل میں کہا کہ ایران پر نہ تو امن کو مسلط کیا جا سکتا ہے اور نہ ہی جنگ۔ یہ جاہ و جلال حضرت ربعی بن عامرؓ کی اس دعوت کا اثر ہے جو انہوں نے اپنے وقت کے حاکمِ ایران کسریٰ کے دربار میں دی تھی۔ آپؓ نے دین اسلام کا تعارف کراتے ہوئے فرمایا تھا کہ: ''ہم لوگوں کو بندوں کی غلامی سے نکال کر اللہ کی غلامی میں لانا چاہتے ہیں۔ ہم انسانیت کو دنیا کی تنگیوں سے رہائی اور نجات دلا کر انہیں دینا کی خوشحالی دینا چاہتے ہیں اور ہم ادیان (باطل) کے ظلم و ستم سے نکال کر اسلام کا عادلانہ نظام انہیں دینا چاہتے ہیں''۔ ان تین جملوں میں اسلامی حریت و آزادی کے ساتھ معاشی خوشحالی اور سیاسی عدل و انصاف تک احاطہ کرلیا گیا ہے۔ آیت اللہ علی خامنہ ای سے آج بھی یہی حریت فکر و نظر کہلواتی ہے کہ ''ایران، ایرانی قوم اور اس کی تاریخ کو جاننے والے اس سے دھمکی آمیز لہجے میں بات نہیں کرتے کیونکہ ایرانی قوم کبھی ہتھیار نہیں ڈالے گی۔'' کبر و غرور کے نشے میں چور ڈونلڈ ٹرمپ جب کہتا ہے کہ: ''ہمیں معلوم ہے کہ نام نہاد 'سپریم لیڈر' کہاں چھپے ہوئے ہیں۔ ہم فی الحال انہیں ہلاک کرنے نہیں جارہے لیکن ہمارا صبر ختم ہو رہا ہے۔'' تو سامنے سے جواب آتا ہے: ''امریکہ کو معلوم ہونا چاہیے کہ کسی بھی فوجی مداخلت کا جواب ناقابلِ تلافی نقصان ہوگا۔ ہم صیہونی دہشت گرد حکومت کو سخت جواب دیں گے اور ان پر کوئی رحم نہیں کریں گے''۔ آیت اللہ خامنہ ای کو قتل کی دھمکی دینے والا نیتن یاہو نہیں جانتا کہ دین اسلام میں شخصیت پرستی کی جڑ اول روز ہی کاٹ کر فرد پر عقیدے کی برتری قائم کی گئی ہے۔ ارشادِ فرقانی ہے: ''محمد (ﷺ بھی تو) رسول ہی ہیں (نہ کہ خدا)، آپ سے پہلے بھی کئی پیغمبر گزر چکے ہیں، پھر اگر وہ وفات فرما جائیں یا شہید کر دیئے جائیں تو کیا تم اپنے (پچھلے مذہب کی طرف) الٹے پاؤں پھر جاؤ گے اور جو کوئی الٹے پاؤں پھرے گا تو وہ اللہ کا ہرگز کچھ نہیں بگاڑے گا، اور اللہ عنقریب (مصائب پر ثابت قدم رہ کر) شکر کرنے والوں کو جزا عطا فرمائے گا''۔ اہل حق کی پامردی باطل کی خود اعتمادی کو متزلزل کردیتی ہے۔ اس کی مثال ڈونلڈ ٹرمپ کا یہ بیان ہے کہ: ''ہوسکتا ہے میں (ایران پر) حملہ کروں، ہوسکتا ہے نہ کروں۔ کوئی نہیں جانتا کہ میں کیا کرنے والا ہوں۔ البتہ میں یہ کہہ سکتا ہوں کہ ایران بڑی مشکل میں ہے اور وہ مذاکرات چاہتا ہے۔'' سچ تو یہ ہے کہ بار بار جوہری مذاکرات کا مطالبہ امریکہ کی جانب سے ہورہا ہے۔ ایران کے بجائے امریکہ سمیت اس کا بغل بچہ اسرائیل مشکل میں ہے۔ ان کی سمجھ میں نہیں آرہا ہے کہ اس مشکل سے کیسے نکلیں۔ اسرائیل کی پتلی حالت دیکھ کر امریکی حکام نے مزید جنگی طیارے بھیجنے کی تصدیق کرکے پہلے سے تعینات طیاروں کی توسیع کا اعتراف کرلیا ہے۔ جہاں تک اسرائیل کا سوال ہے وہ اپنے آقا امریکہ اور یوروپ پر ایک بوجھ بن گیا ہے۔ قرآن حکیم ایسے غلام کی نہایت دلپذیر تمثیل بیان کی گئی ہے۔ فرمانِ خداوندی ہے: ''اللہ مثال دیتا ہے ایک تو ہے غلام، جو دوسرے کا مملوک ہے اور خود کوئی اختیار نہیں رکھتا دوسرا شخص ایسا ہے جسے ہم نے اپنی طرف سے اچھا رزق عطا کیا ہے اور وہ اس میں سے کھلے اور چھپے خوب خرچ کرتا ہے بتاؤ، کیا یہ دونوں برابر ہیں؟ الحمدللہ، مگر اکثر لوگ (اس سیدھی بات کو) نہیں جانتے''۔ اس کے بعد والی آیت میں دی جانے والی مثال تو من عن اسرائیل اور ایران پر صادق آتی ہے۔ فرمانِ ربانی ہے: ''اللہ ایک اور مثال دیتا ہے دو آدمی ہیں ایک گونگا بہرا ہے، کوئی کام نہیں کر سکتا، اپنے آقا پر بوجھ بنا ہوا ہے، جدھر بھی وہ اسے بھیجے کوئی بھلا کام اُس سے بن نہ آئے دوسرا شخص ایسا ہے کہ انصاف کا حکم دیتا ہے اور خود راہ راست پر قائم ہے بتاؤ کیا یہ دونوں یکساں ہیں؟'' چشم بینا رکھنے والی ہر آنکھ اس فرق دیکھ کر اس سے عبرت پکڑ رہی ہے۔ اسرائیل کی بقاء کا دارومدار امریکی مدد پر آکر ٹِک گیا ہے اس لیے وہ بار بار اپنے آقا کے آگے گہار لگا رہا ہے جبکہ ایران کو بغیر مانگے نہ صرف 21 طاقتور اسلامی ممالک بلکہ روس اور چین کی حمایت بھی حاصل ہورہی ہے۔ یہ نصرتِ خداوندی اور اس حوصلہ مندی کا ثمر ہے کہ جس کی بابت علامہ اقبال فرماتے ہیں۔

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسہ
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

# موت اس کی ہے جس کا زمانہ کرے افسوس

اس خاکدان گیتی پر جو بھی آیا ہے قانون قدرت کے مطابق اسے یہاں سے جانا ہے۔ مگر کچھ لوگ ایسے ہوتے ہیں جن سے زمانہ فیضیاب ہوتا ہے ایسے بافیض لوگ بعد وصال بھی یاد کیے جاتے ہیں۔ انہیں میں ہمارے مشفق و کرم فرما حافظ احادیث کثیرہ، استاذی الکریم حضرت علامہ و مولانا محمد مصروف الاسلام نعیمی علیہ الرحمہ ہیں۔ عزیز گرامی قدر حضرت مولانا محمد اصغر علی صاحب مدرس دارالعلوم افکارِ حق انوار القرآن مہالنگ پور ضلع باگلکوٹ کرناٹک کے ذریعہ یہ دل دہلا دینے والی خبر ملی کہ مشہور و معروف عالم دین استاذی الکریم، حافظ احادیث کثیرہ حضرت مولانا مصروف الاسلام نعیمی (بانی و مہتمم مدرسہ النعیم جامعۃ البنات) ملت نگر۔ ضلع کٹیہار بہار طویل علالت کے بعد آج 21/ ذی الحجہ 1446ھ مطابق 18/ جون/ 2025ء بروز بدھ ظہر کے آذان کے وقت ہم لوگوں کو ہمیشہ کے لئے داغ مفارقت دے کر علمی میدان میں یتیم بنا کر رفیق اعلیٰ سے جاملے۔ اناللہ وانا الیہ راجعون۔ آپ اپنی زندگی کے آخری ایام تک درس و تدریس سے جڑے رہے، جس سے آپ کے شاگردوں کی کثیر تعداد ہے جو ملک کی مختلف ریاستوں میں اسلام کی خدمات میں مصروف ہیں۔ آپ نے ہندوستان کے کئی مدارس میں تعلیم دی اور ملک کے کئی بڑی مساجد میں امامت و خطابت کا فریضہ انجام دیا آپ گوناگوں خوبیوں کے جامع۔ ایک ہزار حدیثوں کے حافظ اور عالم باعمل متبع شریعت و سنت اور مختلف تنظیموں اور اداروں سے وابستہ تھے۔ حضرت سے میری بالمشافہ صرف ملاقات ہی نہیں بلکہ الحمدللہ 1996 سے 1999 یعنی تین سال تک دارالعلوم اصلاح المسلمین کلیان مہاراشٹر میں اکتسابِ علم کیا۔ موصوف ایک باوقار اور بارعب عالم دین تھے، دلائل و براہین سے مرصع تقریریں ہوا کرتیں۔ مشفق و مہربان استاد تھے رشد و ہدایت کے بے مثال رہنما تھے۔ سادگی آپ کا حسنِ ذاتی اور کم گوئی زینت گفتار تھی۔ آپ اگرچہ اب اس دنیا میں نہیں رہے لیکن آپ کی دینی و علمی و مذہبی خدمات اور آپ کے وہ شاگرد و تلامذہ جنہوں نے آپ سے علم دین حاصل کیا اور آج ہندوستان کے مختلف علاقوں اور صوبوں میں اس کی ترویج و اشاعت میں مشغول ہیں جن کے سبب آپ صبح قیامت تک زندہ تابندہ رہیں گے۔ آپ کا وصال پر ملال علمی میدان کے لیے بالخصوص ہم سب کے لیے عظیم خسارہ ہے، آج ہم لوگ ایک عظیم علمی شخصیت سے محروم ہو گئے، حضرت کی درسگاہ سے پڑھے ہوئے ستائیس اٹھائیس سال کا عرصہ گزر گیا اس کے باوجود اگر آج بھی پڑھاتے وقت کوئی دشواری پیش آتی تھی تو درس گاہ میں بیٹھ کر کال کرتا تھا اور حضرت سے پوچھتا تھا حضرت یہ سمجھ میں نہیں آرہا ہے، اور آپ بہت اچھے انداز میں موبائل ہی میں اسی وقت سمجھا دیتے، جس سے آپ کی تبحر علمی کا اندازہ ہوتا ہے، نیز اصاغر نوازی کا اظہار ہوتا ہے۔ آپ نہایت منکسر المزاج تھے، کبھی آپ نے غصے کا اظہار نہیں فرمایا۔ حضرت کی شفقت ہمیشہ میرے دل میں رہے گی۔ رہ رہ کے آپ کی شفقتیں یاد آرہی ہیں۔ آہ! اب کون ہم جیسے لوگوں کی رہنمائی فرمائیں گے۔ اللہ تعالیٰ ہم سب کو حضرت کا نعم البدل عطا فرمائے۔ حضرت کے جسدِ خاکی کو شہر کٹیہار سے ان کے آبائی گاؤں موہنہ چوکی ضلع ضلع کٹیہار لایا گیا ان شاء اللہ تعالیٰ بروز جمعرات تقریباً دس بجے کے بعد تجہیز و تکفین عمل میں آئے گی۔ دعا گو ہوں کہ مولیٰ تعالیٰ حضرت کے اہل خانہ۔ عزیز و اقارب اور جملہ تلامذہ و معتقدین کو صبر جمیل عطا فرمائے آمین ثم آمین یارب العالمین بجاہ جدالحسن والحسین صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم۔

موت اس کی ہے جس کا زمانہ کرے افسوس
ورنہ دنیا میں سبھی آئے ہیں مرنے کے لیے

شرکائے غم بچشمانِ نم: احقر العباد محمد ماہر القادری و جملہ اساتذہ، طلباء، ممبران دارالعلوم افکار حق انوار القرآن مہالنگ پور ضلع باگلکوٹ کرناٹک

# طلبہ دارالعلوم الاسلامیہ امارت شرعیہ کا علمی، ادبی، فکری و ثقافتی دوماہی ترجمان

تبصرہ: مفتی محمد ثناء الہدیٰ قاسمی نائب ناظم امارت شرعیہ

**بہار اڈیشہ و جھارکھنڈ، القاضی**

طلبہ دارالعلوم الاسلامیہ امارت شرعیہ کا علمی، ادبی، فکری و ثقافتی دوماہی ترجمان مئی، جون 2025ء کا شمارہ پیش نظر ہے، عموماً طلبہ مدارس جداری پرچے نکالتے ہیں، لیکن بزم قاضی مجاہد الاسلام سے منسلک طلبہ دارالعلوم نے مفتی محمد تبریز قاسمی استاذ دارالعلوم الاسلامیہ کی زیر نگرانی اور محمد زید کٹیہاری (مدیر) ذکوان القمر ویشالوی، محمد راشد دربھنگوی نائب مدیران کی ادارت میں بڑا حوصلہ دکھایا اور مثل مطبوعہ طلبہ کے مضامین کو القاضی کے نام سے رسالہ کی شکل میں قارئین کی خدمت میں پیش کردیا ہے، یہ ایک جرأت مندانہ قدم ہے اور بزم قاضی مجاہد الاسلام کے شرکاء اس کے لیے داد و تحسین کے مستحق ہیں۔ رسالہ کے مندرجات کو دیکھنے سے اندازہ ہوتا ہے کہ مضامین کے موضوعات میں خاصہ تنوع ہے، اکتیس صفحات میں بتیس مضمون نگاروں نے اس شمارہ میں جگہ بنالی ہے، وجہ ہر مضمون کا ایک صفحہ میں سمٹ جانا ہے، یہ کوئی معمولی بات نہیں ہے، پھیلے ہوئے مواد کو مختصر میں سمیٹ لینا بہت مشکل ہوتا ہے، مدیر نے لمبے لمبے مضامین کو مختصر کرنے میں بڑی مہارت کا ثبوت دیا ہے، آدھے سے زیادہ مضمون کے مندرجات کو کاٹ کر مضمون کی معنویت کو باقی رکھنا آسان نہیں ہوتا، مضامین کو ایک ایک صفحہ؛ بلکہ بعض مضامین کو آدھے صفحہ میں سمیٹ کر اس مشکل کام کو آسان کر دکھایا ہے۔ رسالہ کے آغاز حسب روایت اداریہ سے ہوتا ہے، جس کا عنوان ''آؤ تھام لیں قلم'' رکھا گیا ہے، یہ چوں کہ پہلا شمارہ ہے اس لیے رسالہ کے مقاصد پر بھرپور روشنی ڈالی گئی ہے، ہم جستہ جستہ اس کے اقتباس نقل کرتے ہیں تاکہ رسالہ کے مقاصد قارئین کے سامنے آجائیں، لکھتے ہیں: ''یہ رسالہ تمہید ہے ایک فکری سفر کی، ایک علمی روایت کی تجدید کا آغاز ہے... اس سے نہ صرف علم میں اضافہ ہوگا، بلکہ اظہار کی صلاحیت بھی پروان چڑھے گی... یہ رسالہ ہمارے قلم کی حرارت، ہمارے جذبے کی صداقت اور ہمارے افکار کی روشنی سے جگمگائے گا'' یقینی طور پر اس رسالہ کی وجہ سے طلبہ میں لکھنے پڑھنے کا ذوق پروان چڑھے گا اور ایک دن ان کا شمار اہل قلم میں ہونے لگے گا، ایسی مجھے توقع ہے، رسالہ کے مندرجات دیکھنے سے معلوم ہوتا ہے کہ اس میں طلبہ کے ذوق کا بھی خیال رکھا گیا ہے، لطیفہ، معمہ، اشعار وغیرہ کی شمولیت اسی نقطۂ نظر سے کی گئی ہے، آئندہ سے اگر مضامین کی درجہ بندی موضوعات کے اعتبار سے کردی جائے تو رسالہ کی ترتیب میں سلیقگی مکمل طور پر سامنے آئے گی، جیسے تعلیم کے موضوع پر جو مضامین ہوں، ان کو کوئی عنوان دے کر ایک ساتھ رکھا جائے، جن مضامین کا تعلق عصری حالات و مسائل سے ہیں ان کو ایک ساتھ رکھا جائے، فلسفیانہ قسم کے مضامین ایک جگہ آجائیں تو رسالہ کا حسن دوبالا ہوگا۔ طلبہ عزیز اس بات کا خیال رکھیں کہ ان کو اپنے مضامین میں معرب اور مفرس الفاظ، تتابع اضافات، غیر ضروری تمہید سے بہرصورت اجتناب کرنا ہے، مثلاً اداریہ میں ایک لفظ آیا ہے، مابین الطلبہ اردو نثر میں یہ ترکیب ذوق سلیم پر بار ہے، ''طلبہ کے درمیان'' کتنا سادہ ہے، اور سہل بھی، اسی طرح کیا خدا کا وجود ہے میں ایک لفظ آیا ہے ''جماد لایعقل'' اس لفظ کو مدرسہ کا پڑھا ہوا ابتدائی درجہ کا طالب علم نہیں سمجھ سکے گا، چہ جائے کہ عوام، اسی مضمون میں ''مافوق الفطرت ہستی'' کو کتنے لوگ سمجھ پائیں گے۔ ایک اور کمی لکھتے وقت بچوں میں یہ آجاتی ہے کہ وہ انگریزی الفاظ کا استعمال کرنے لگتے ہیں، حالاں کہ اس انگریزی لفظ کا بہتر متبادل اردو میں موجود ہے، جیسے ٹارگیٹ کرنا وغیرہ اس کے لیے نشانہ بنانا جیسے الفاظ اردو میں مستعمل ہیں، مولانا وستانوی ایک ہمہ گیر شخصیت کی شروع کی چار پانچ سطریں جن کا تعلق تمہید سے ہے، اسے حذف کردینے سے مضمون کی اثر آفرینی پر کوئی فرق نہیں پڑتا ہے، حشو و زوائد کی پہچان یہی ہے کہ اگر اس جملے یا الفاظ کو درمیان سے یا شروع سے حذف کردیا جائے تو مضمون کے تسلسل اور روانی پر کوئی فرق نہ آئے۔ اطناب اور ایجاز نثر میں دونوں صنعتیں ہوا کرتی ہیں، اس پر ہمارے بزرگوں میں مولانا مناظر احسن گیلانیؒ کو کمال حاصل تھا، اطناب دیکھنا ہو تو سوانح قاسمی دیکھئے، حضرت مولانا یعقوب نانوتویؒ کا سولہ صفحہ کا ایک رسالہ حضرت نانوتویؒ کی حیات و خدمات پر ماخذ کے طور پر دیا گیا تھا، لیکن اس سولہ صفحہ کو حضرت نے پھیلایا تو کم و بیش سات سو صفحات تیار ہوگیے، اسی طرح ان کی کتاب ہندوستان میں مسلمانوں کے نظام تعلیم و تربیت پر ایک مضمون رسالہ دارالعلوم دیوبند کے لیے لکھنا تھا، فرصت کے ایام تھے، بغیر ذیلی عناوین اور عربی فارسی عبارتوں کے ترجمہ کیے بغیر، پیراگراف چینج بھی نہیں کیا اور سینکڑوں صفحات لکھ ڈالے، لیکن جب حضرت سیرت پر لکھتے ہیں تو ''النبی الخاتم'' ان کی ایجاز نویسی کا کمال ہے، حضرت مولانا علی میاںؒ فرمایا کرتے تھے کہ اردو کیا، عربی ذخیرے میں ایسی البیلی کتاب نہیں ہے، طلبہ عزیز کو ابتدائی مرحلہ میں ایجاز سے ہی کام لینا چاہیے، ایجاز پر قدرت ہوجائے تو اطناب چنداں مشکل نہیں ہوتا۔ اس شمارہ میں ایک مضمون، مضمون نگاری کیسے کریں؟ پر بھی ہے، یہ اصلاً میرے اس محاضرہ کی تلخیص ہے، جو میں نے مفتی محمد تبریز صاحب کی دعوت اور مفتی یحییٰ غنی صاحب کے اصرار پر دارالعلوم الاسلامیہ کے طلبہ کے سامنے دیا تھا، طلبہ نے اسے محفوظ کرنے کے لیے نوٹس لیے تھے، گویا یہ مضمون اس محاضرہ کا خلاصہ ہے، محمد ثاقب جہان آبادی نے اپنی صلاحیت کے اعتبار سے اسے مرتب کیا ہے اور اسے فائدہ مند سمجھ کر شامل رسالہ کیا گیا ہے، اس کا آغاز بھی بھاری بھرکم الفاظ سے کیا گیا ہے، اسے آسان بنایا جاسکتا تھا۔ یہ چند سطور جو لکھے گیے وہ صرف ہدایت و رہنمائی کے طور پر ہیں ورنہ یقینی طور پر طلبہ کی یہ محنت اچھی ہے اور ان کی حوصلہ افزائی کی جانی چاہیے، میرے ذہن میں حوصلہ افزائی کی ایک شکل اللہ رب العزت نے یہ ڈالی ہے کہ ہر شمارے کا جو سب سے اچھا اور معیاری مضمون ہو اور جسے متعین کرکے رسالہ کے نگراں مفتی محمد تبریز قاسمی صاحب میرے پاس بھیجیں، اس کو نقیب میں جگہ دی جائے، تاکہ طلبہ کی نگارشات نقیب کے ذریعہ دور تک پہونچیں، میں اس اہم کام کے آغاز پر بزم قاضی مجاہد الاسلام کے شرکاء کو مبارک باد دیتا ہوں اور ان کے لیے آگے اور آگے بڑھتے رہنے کی دعا کرتا ہوں، آمین یارب العلمین۔

